# تدریسِ زبان کے اصول و طریقے

# Principles and Methods of Language Teaching

## تدریسِ زبان سے متعلق کچھ بنیادی اصول مندرجہ ذیل ہیں

- اردو رسم الخط میں مہارت اور تلفظ پر دسترس
- محرکات (उद्दीपक = Stimulus) کا صحیح استعمال
- جدید طریقوں سے واقفیت اور ان پر عمل
- سمعی بصری آلات (दृश्य – श्रव्य सामग्री = Audio-visual Ads) کا استعمال
- کثیر لسانیات (Multilingulism) کو قبول کرنا
- انفرادیت (Individual) کو فروغ

Haidari Study Point

- مشق کو فروغ
- سرگرمی کا اصول
- غلطیاں آموزش کا حصہ ہیں


Visit Haidari Study Point

https://youtube.com/c/HaidariStudyPoint

M M Ali : 7275549890

# تدریسِ زبان کے اصول

# Maxims of Teaching

# शिक्षण सूत्र

- آسان سے مشکل کی طرف (From Simple to Complex )
- معلوم سے نامعلوم کی طرف (From Known to Unkown )
- مقرون سے مجرد کی طرف (From concrete to Abstract )
- مکمل سے جز کی طرف (From Whole to Part )
- متعین سے غیر متعین کی طرف (From Definite to Indifunite )
- نزدیک سے دور کی طرف (From Near to Fear )

رَبِّ زِدْنِي عِلْماً
Haidari Study Point

# تدریسِ زبان کے طریقے

# Methods of Teaching

# शिक्षण विधियाँ

- قواعد- ترجمے کا طریقہ (Grammar – Translation Method)
- براہ راست طریقہ (Direct Method)
- سمعی – لسانی طریقہ (Audio Lingual Method)
- گفتگو کا طریقہ (Communicative Method)
- کمیونٹی لینگویج لرننگ (Community Language Learning)
- سائیلینٹ وے (Silent Way)
- ٹوٹل فزیکل رسپونس (Total Physical Response)
- فطری طریقہ (Natural Approach)

1. **قواعد – ترجمے کا طریقہ** :- یہ زبان سیکھنے کا سب سے پرانا طریقہ ہے –

- اس کا استعمال زیادہ تر ایک زبان کی مدد سے دوسری زبان سکھانے کے لئے کیا جاتا ہے
- اس میں طالب علموں کو ہدف زبان (Target Language) اور قواعد پڑھنے اور اصول یاد کرنے کے لئے کہا جاتا ہے پھر پہلی زبان کی مدد سے دوسری زبان میں ترجمے کا کام دیا جاتا ہے
- اس میں معلم کا کردار اہم ہوتا ہے
- اس میں معلم کا کردار اہم ہوتا ہے ۔ اسی ہدایت کے مطابق آموزگار کام کرتا ہے اور معلم اسے بازرسی (Feedback) فراہم کرتا ہے

2. **راست طریقہ** :- اس طریقہ کے تحت دوسری زبان سکھانے کے لئے کسی زبان کی مدد نہیں لی جاتی اور آموزگار کو سیدھے اسی زبان میں سکھائی جاتی ہے

Haidari Study Point

- اس طریقہ سے صرف ٹھوس چیزیں ( Concrete Objects) ہی سکھایا جا سکتا ہے مجرد تصورات ( Abstract Objects) سکھانا بہت مشکل ہو جاتا ہے
- یہ طریقہ پہلی زبان کی آموزش کے لئے مفید ہے

3. **سمعی لسانی طریقہ** :- اس طریقہ کے تحت بات چیت اور مکالمہ کے ذریعہ زبان سکھائی جاتی ہے

- معلم کسی اقتباس کو باآوازِ بلند پڑھتا ہے یا ٹیپ ریکارڈ کی مدد سے سناتا ہے پھر طلبہ کی حصولیابی کی جانچ کرتا ہے.
- زبان کی لیبارٹری نے اس طریقہ کی افادیت کو بڑھا دیا ہے
- اس میں سماعت ( Listening Skills) کا اہم کردار ہوتا ہے
- اس میں چاروں قسموں کی مہارتیں سننا، بولنا پڑھنا اور لکھنا ( LSRW) فروغ پاتی ہیں

4. **گفتگو کا طریقہ :-** یہ طریقہ اس بات پر مبنی ہوتا ہے کہ جیسے سن سن کر ہم نے زبانِ اول سیکھی ہے ویسے ہی دوسری زبان بھی سیکھ سکتے ہیں

- اس میں سیکھنے کا آغاز دوسری زبان میں گفتگو کرکے کیا جاتا ہے
- معلم اس میں Facilator کا رول ادا کرتا ہے اور بات چیت کے موضوع کا تعین کرتا ہے
- اس میں اندازۂ قدر کا مقصد روانی (Fluency) اور درستگی کی جانچ کرنا ہوتا ہے.

5. **کمیونٹی لینگویج لرننگ** :- اس میں معلم کا رول ایک مشیر کا ہوتا ہے ۔ آموزگاروں کو زبان سیکھنے کی خودمختاری کی ذمہ داری زیادہ ہوتی ہے.

- تحفظ، اظہارِ خیال، تفریق، احتجاج جیسے موضوعات کو طالب علم اول زبان میں فراہم کرتا ہے جسے معلم زبان دوم یا ہدف زبان میں فراہم کرتا ہے – زبان اول کا استعمال دھیرے دھیرے کم ہو جاتا ہے

Haidari Study Point

**6. Silent Way**:- یہ آموزگار مرکوز طریقہ ہے ۔اس اس میں معلم کا رول ایک معاون اور وسیلہ کا ہوتا ہے جو آموزگار کی ضروریات کی تشفی کرتا ہے –

- اس میں معلم متحرک (Active) لیکن خاموش رہتا ہے اور زیادہ تر آموزگاروں کے درمیان بات چیت کو فروغ دیا جاتا ہے.

**Total Physical Response**:اس طریقہ کی ایجاد جیمس ایشر نے کی ۔

- ان کے مطابق بہتر آموزش کے لئے جسمانی اور ذہنی طور پر شامل ہونا ضروری ہے ۔اس طریقہ میں معلم پہلے ہدف زبان کا نمونہ پیش کر کے تفہیم پیدا کرتا ہے ۔ معلم کی باتوں اور ہدایات کا جواب طلبہ غیر لفظی طور پر یعنی جسمانی حرکات سے پھر لفظی طور پر یعنی زبان کے ذریعہ دیتے ہیں. دیگر مہارتوں کے مقابلے سماعت پر زیادہ زور دیا جاتا ہے ۔ قواعد اور ذخیرۂ الفاظ پر زور دیا جاتا ہے

8. **فطری طریقہ** :- اس طریقہ کا ایجاد ٹریسی ٹیریل نے کیا۔

- یہ طریقہ کر کے سیکھنے پر مبنی ہے
- اس کے مرکز میں معلم یا کتابیں نہ ہو کر 'طالب علم' ہے۔
- اس طریقہ کا نظریہ ہے کہ طالب علم غلطی کر کے ہی سیکھتا ہے ۔

Haidari Study Point

https://youtube.com/c/HaidariStudyPoint

M M Ali : 7275549890

# اس سبق سے متعلق کچھ اہم نکات

# Some Important Points About this Chapter

- بچہ کوری سلیٹ نہیں ہے اسے تدریس و آموزش کا مرکز ہونا چاہیے۔ تمام منصوبوں کی تشکیل اس کی ضروریات اور صلاحیت کے مطابق ہونی چاہیے
- معلم آموزگاروں کے تئیں مثبت رویہ اختیار کرے۔ طلبہ میں مذہب، ذات، رنگ، جنس اور نسل کی بنیاد پر امتیاز نہ کرے۔اس سے بچے آموزشی عمل میں کھل کر خود اعتمادی سے حصہ لیں گے۔
- مواد مضمون دلچسپ اور چیلنج سے پر ہونا چاہیے اور طلباء میں اجتماعی آموزش اور تعاون کا فروغ دینے والا ہونا چاہیے۔
- معلم کو جماعت میں موجود کثیر لسانیات کو رکاوٹ کے بجائے اثاثہ کے طور پر استعمال کرنا چاہیے۔
- اندازۂ قدر تدریسِ آموزش کا ہی ایک حصہ ہونا چاہیے

Haidari Study Point

# گزشتہ سال پوچھے گئے سوالات

1. زبان کی تدریس طالب علموں کو مستند اور با معنی تبادلہ خیال پر زور دیتی ہے :

A. قواعد – ترجمہ

B. ذولسانی

C. ابلاغ

D. غیر رسمی

جواب :- C. ابلاغ (Communication)

2. کم عمر آموزگار زیادہ دیر تک توجہ مرکوز نہیں کر پاتے ہیں۔ اس لئے استاد کو زور دینا چاہیے :

A. توجہ مرکوز نہ کرنے کے لئے انہیں ڈانٹنے پر

B. سرگرمی پر مبنی کام کی منصوبہ بندی پر

C. ہر پیریڈ کے بعد انہیں وقفہ دینے پر

D. تصورات کی مفصل وضاحت پر

جواب :- B. سرگرمی پر مبنی کام کی منصوبہ بندی پر

Haidari Study Point

3. استاد مختلف حرکات و سکنات، آوازوں کے اتار چڑھاؤ اور دوسری حرکات و سکنات کا استعمال کرتا ہے تاکہ آموزگار کو متوجہ کرنے اور توجہ برقرار رکھنے میں کامیاب ہو سکے۔ یہ کس طرح کی مہارت ہے؟

A. محرکات میں تنوع

B. تقویت رسانی

C. عملاً واضح کرنا

D. ابتدائی تعارف

جواب :- A. محرکات میں تنوع

Stimulus Variations

उद्दीपन परिवर्तन

Haidari Study Point

4. طالب علم مرکوز زبان کی کلاس اسے کہتے ہیں " جس میں استاد کے بولنے کے وقت کو کم اور بچوں کے بولنے سے وقت کو زیادہ کیا جائے" درج ذیل میں سے کون مذکورہ بالا بیان کی تائید کرتا ہے؟

A. استاد کو ایسی تکنیک کا استعمال کرنا چاہیے جس میں طلباء کو خود پہل کرنے میں حوصلہ افزائی ہوتی ہو

B. استاد کو چاہیے کہ اصل زبان (انگریزی) کا ان کی مادری زبان میں ترجمہ کرے

C. طالب علم کی سہولیت کے لئے استاد کو پورے سبق کے ہر جملے کی وضاحت کرنی چاہیے

D. استاد کو سوالوں کے جواب بول کر لکھنا چاہیے تاکہ طلبہ کو کوئی پریشانی نہ ہو

Haidari Study Point

جواب :- A. استاد کو ایسی تکنیک کا استعمال کرنا چاہیے جس میں طلباء کو خود پہل کرنے میں حوصلہ افزائی ہوتی ہو

5. بہتر نتیجے تک پہنچنے کے لئے آموزگاروں سے کہا جاتا ہے کہ پڑھنے، تبادلۂ خیال کرنے، غور و فکر کرنے اور بحث و مباحثہ کرنے کے لئے تصورات و خیالات پیش کریں۔ اسے کہا جا سکتا ہے:

A. غور وفکر

B. تعامل (Interaction)

C. منفی تنقید

D. تنقیدی طریقۂ تدریس

جواب :-A. غور وفکر

Haidari Study Point

6.پرائمری درجات کے بچوں کو تصویر بنانے کے لئے ترغیب دینے سے کیا حاصل ہوتا ہے؟

A. سوچ کر لکھنا

B. وقت کی بربادی

C. بغیر غلطی کے لکھنا

D. تختۂ سیاہ سے نقل کرنے کی صلاحیت

جواب :- A. سوچ کر لکھنا

Haidari Study Point

7. پہلی جماعت کے طلباء کو زبان کی تدریس کے وقت آپ کی توجہ کس پر ہوگی؟

A. زبان کے عملی استعمال پر

B. مشکل الفاظ پر

C. قواعد اور ان کے اصولوں پر

D. صحیح تلفظ پر

جواب :- D. صحیح تلفظ پر

Haidari Study Point

8.وقوفی آموزش کا نظریہ اس خیال پر نہیں زور دیتا کہ :

A. غلطیاں آموزشی عمل کا حصہ ہیں

B. عادت ڈال کر زبان سیکھی جاتی ہے

C. منطقی اور ذہنی عمل سے زبان سیکھی جاتی ہے

D. انسان اپنے اندر زبان کی صلاحیت لے کر پیدا ہوتا ہے

جواب :- B. عادت ڈال کر زبان سیکھی جاتی ہے

Haidari Study Point

9. طالب علموں کو زبان کی کلاس میں ادب فراہم کیا جاتا ہے :

A. کوئی تہذیبی واقفیت فراہم نہیں ہوتی

B. زبان کی مستند رنگا رنگی کو پیش کیا جاتا ہے

C. اردو کے قدیم طرز کے اسالیب

D. موجودہ مشکل الفاظ

جواب:- B. زبان کی مستند رنگا رنگی کو پیش کیا جاتا ہے

Haidari Study Point

10. "زبان سیکھنے کے عمل میں چند سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں" آپ اس بیان کی تائید میں کون سا بیان پیش کریں گے

A. نصاب میں شامل کسی تحریر کی بہتر مفہوم کے لئے طلباء کو اپنی مادری زبان استعمال کرنے پر آمادہ کیا جائے

B. پہلے آسان پھر مشکل متن پڑھائے جائیں

C. استاد، لکھنا اور بولنا سکھائے اور طلباء اس کی نقل کریں

D. مشق حد درجہ اہم چیز ہے کیونکہ اس سے عادت ڈالنے میں مدد ملتی ہے

جواب :- A. نصاب میں شامل کسی تحریر کی بہتر مفہوم کے لئے طلباء کو اپنی مادری زبان استعمال کرنے پر آمادہ کیا جائے

Haidari Study Point

11. براہ راست طریقہ (Direct Method) کس چیز پر زور دیتا ہے؟

A. بات چیت پر
B. مناسب سیاق کے مطابق زبان کے استعمال پر
C. طلبہ پر
D. بولنے کی صحت پر

جواب :- A. بات چیت پر

Haidari Study Point

12. زبان کی تدریس کا سب سے پرانا طریقہ کون سا ہے؟

A. براہِ راست طریقہ

B. قواعد اور ترجمہ کا طریقہ

C. سمعی لسانی طریقہ

D. گفتگو کا طریقہ

جواب :- B. قواعد اور ترجمہ کا طریقہ(Grammar-Translation Method)

13. حالیہ حالات میں زبان سیکھنے کا سب سے منظم طریقہ درج ذیل میں سے کون سا ہے؟

A. قواعد ترجمہ کا طریقہ

B. سمعی لسانی طریقہ

C. فطری طریقہ

D. براہِ راست طریقہ

جواب :- C. فطری طریقہ (Natural Approach)

14. مندرجہ ذیل میں سے زبان میں کس کے ذریعہ صلاحیت پیدا کی جا سکتی ہے؟

A. مواصلات کیلئے زبان کو استعمال کرنے کا موقع پیدا کر کے

B. طلباء سے بات چیت کر کے

C. اگر طلباء نہیں سمجھ رہے ہیں تو ان کو خاموش بیٹھنے کی صلاح دے کر

D. غلطیوں کی نشاندہی کر کے اور اس کی اصلاح کر کے

جواب :- A. مواصلات کیلئے زبان کو استعمال کرنے کا موقع پیدا کر کے

Haidari Study Point

15. زبان بہترین طریقۂ کار ہے، تجربات اور خیالات کے اظہار کے لئے :

A. اعلان کے ذریعہ

B. اجتماع کے ذریعہ

C. تبادلہ کے ذریعہ

D. ان میں سے سبھی

جواب :- D

Haidari Study Point

16. معنی کو واضح کرنے کے لئے بہترین طریقہ ہے کہ :

A. لفظوں کی توضیح کریں

B. لغات سے دیکھ کر بتائیں

C. طلباء کو پورا موقع فراہم کریں کہ وہ جملوں میں استعمال کرکے معنی بنائیں

D. لفظوں کی توضیح کے لئے اس کا استعمال کرکے بتائیں

جواب :- C. طلباء کو پورا موقع فراہم کریں کہ وہ جملوں میں استعمال کرکے معنی بنائیں

Haidari Study Point

17. مندرجہ ذیل میں سے کون سا طباعت شدہ متن کے استعمال کے بغیر دوسری زبان سیکھنے میں مدد کرتی ہے

A. فطری طریقہ

B. زبان کی وسعت

C. قواعد ترجمے کا طریقہ

D. معاشی طریقہ

جواب :- A. فطری طریقہ

Haidari Study Point

18. مندرجہ ذیل میں سے کون کلاس میں زیادہ بھیڑ سے بہتر طور پر نمٹنے کے لئے سب سے کم کام گر حکمتِ عملی ہو سکتی ہے؟

A. طلباء سے اپنے اسباق از خود پڑھنے کے لئے کہنا

B. سود مند اور مناسب کام دینا

C. آموزش کے مختلف طریقوں کا استعمال کرنا

D. گروپ میں یا دو دو کے جوڑے میں کام کرنے کے لئے کہنا

جواب :- C. آموزش کے مختلف طریقوں کا استعمال کرنا

Haidari Study Point

19. زبان کی مؤثر آموزش میں درج ذیل میں سے کون طلباء کے لئے معاون ہوگا؟

A. انفرادی کام

B. انفرادی طور پر لکھنا

C. اکثر و بیشتر ٹیسٹ لینا

D. آموزش کی اجتماعی سرگرمیاں

جواب :- D. آموزش کی اجتماعی سرگرمیاں

Haidari Study Point

20. زبان کی کلاس میں طلباء اگر گروپ میں کام کر رہے ہیں تو انہیں نہیں کرنا چاہیے؟

A. زیادہ بات چیت
B. ایک دوسرے سے سیکھنا
C. بے چینی محسوس کرنا
D. اپنے افکار و خیالات پر تبادلۂ خیال

جواب :-C. بے چینی محسوس کرنا

Haidari Study Point

21. زبان کی تدریس کے طریقے میں ایک استاد سے توقع کی جاتی ہے کہ :

A. آموزگاروں کی اپنی تجربات کی روشنی میں معلومات تعمیر کرنے میں مدد کرے

B. کلاس کے لئے نصاب کی تعمیر کرے

C. آموزگاروں کی اپنی نصابی کتاب تیار کرنے میں مدد کرے

D. آموزگاروں کو ماقبل تعمیر معلومات فراہم کرے

جواب :- A. آموزگاروں کی اپنی تجربات کی روشنی میں معلومات تعمیر کرنے میں مدد کرے

Haidari Study Point

22. کلاس میں زبان سے مالا مال ماحول ( = समृद्ध भाषिक वातावरण
(Rich Linguistic Atmosphere کو فروغ دینے کے لئے
استاد کو چاہیے کہ :

A. والدین سے اپنے بچوں کی دیکھ بھال کرنے کے لئے کہے

B. ہر بچے کے لئے یکساں ہدف مقرر کرے

C. بچوں کو کلاس میں اپنے تجربات ساجھا کرنے کی اجازت دے

D. بچوں کے بولنے کے وقت میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کرے

جواب :- C. بچوں کو کلاس میں اپنے تجربات ساجھا کرنے کی اجازت دے

23. زبان کی آموزش کے لئے مستند متن ضروری ہے کیونکہ یہ

A. نیا کام شروع کرنے میں رہنمائی کرتی ہے

B. فطری زبان کو اظہار کا موقع فراہم کرتی ہے

C. اظہار کو مستند بناتی ہے

D. مصنف کو سمجھنے میں معاون ہوتی ہے

جواب :- C. اظہار کو مستند بناتی ہے

Haidari Study Point

24. آموزگاروں کی غلطیوں کی اصلاح کرتے وقت استاد کو چاہیے کہ :

A. بچے کی غلطیوں کو نشان زد کرے

B. ہر بچے کی غلطی کی اصلاح کرے

C. غلطیاں دہرانے پر بچے کو ڈانٹے

D. آموزگاروں کو ترغیب دینے کے لئے مثبت رویہ اپنائے

جواب :-D. آموزگاروں کو ترغیب دینے کے لئے مثبت رویہ اپنائے

25. زبان سیکھنے کا پہلا مرحلہ ہے :

A. حروف تہجی (Alphabet)

B. ساخت (Structure)

C. معنی (Meaning)

D. معنی اور ساخت دونوں ایک ساتھ

جواب :- D. معنی اور ساخت دونوں ایک ساتھ

Haidari Study Point

26. درج ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے ؟

A. آموزش گاروں کو زبان کی آموزش کے لئے قواعد کی آموزش کرنی پڑتی ہے

B. زبان کی آموزش ہی مواد کی آموزش ہے

C. آموزگار دوسرے مضامین کی آموزش کے دوران زبان کی آموزش کرتا ہے

D. آموزگار زبان کے توسط سے مواد کی آموزش کرتا ہے

جواب :- A. آموزش گاروں کو زبان کی آموزش کے لئے قواعد کی آموزش کرنی پڑتی ہے

Haidari Study Point

27. درج ذیل طریقوں میں سے کس میں مادری زبان کی مداخلت کی اجازت نہیں ہوتی ہے؟

A. ذولسانی طریقہ
B. سمعی لسانی طریقہ
C. فطری طریقہ
D. راست طریقہ

جواب :- D. راست طریقہ Direct Method

Haidari Study Point

28. زبان کی کلاس میں با معنی صورتحال پیدا کی جا سکتی ہے؟

A. چہرے کے تاثرات سے

B. ڈرامہ نگاری سے

C. عمل سے

D. ان میں سے سبھی

جواب :- D. ان میں سے سبھی

29. آج کل معلم بحیثیت __________ کے مانا جاتا ہے

Haidari Study Point

A. دوست

B. سہولت کار

C. رہنما

D. مذکورہ تمام

جواب :- B. سہولت کار (Facilator)

30. ایک اچھا معلم وہ ہے جو

A. جو سیکھنے کے بھرپور مواقع فراہم کرتا ہے

B. کارگر مواد فراہم کرتا ہے

C. اصول و نظریات کی وضاحت کرتا ہے

D. طلبہ کو چھپے ہوئے نوٹس فراہم کرتا ہے

جواب :- A. جو سیکھنے کے بھرپور مواقع فراہم کرتا ہے

Haidari Study Point

31. ایک اردو بولنے والے معلم کا تبادلہ راجستھان کے دور دراز کے علاقے میں ہو جاتا ہے۔چونکہ اسے مقامی زبان نہیں آتی، اس لئے اسے بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسے کیا کرنا چاہیے؟

A. اردو علاقے میں تبادلہ کی کوشش کرے

B. طلباء کو معیاری زبان سکھانے کے لئے نصابی کتاب پر توجہ مرکوز کرے

C. تدریس کے دوران بچے کی زبان کو بطور وسیلہ استعمال کرے

D. معیاری اردو سیکھنے کے لئے معاشرے کی حوصلہ افزائی کرے

Haidari Study Point

جواب :- C. تدریس کے دوران بچے کی زبان کو بطور وسیلہ استعمال کرے

32. درج ذیل میں سے ان کاموں کی فہرست ہے جو اکثر زبان کی کلاس میں کرائی جاتے ہیں – ان میں سے کون سا بچے کو ایک سرگرم آموزگار کی حیثیت سے دیکھتا ہے؟

A. طلبہ نظم کے اخذ معنی کے لئے مجموعہ میں کام کرتے ہیں

B. طلبہ نظم کے سوالات کے صحیح جوابات کو دھیان سے یاد کرتے ہیں

C. طلبہ نظم کے آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھتے ہیں

D. طلبہ دھیان سے تختۂ سیاہ سے جوابات نوٹ کرتے ہیں

جواب :-A. طلبہ نظم کے اخذ معنی کے لئے مجموعہ میں کام کرتے ہیں

Haidari Study Point

33. ایک سہولت کار کے طور پر زبان کے معلم کی اہم ذمہ داری ہے :

A. طلبہ کے لئے زبان کے بامعنی استعمال کے مواقع پیدا کرنا

B. بڑی مقدار میں مواد فراہم کرنا اور طلبہ کو سننے کے لئے تیار کرنا

C. سختی سے کلاس کو کنٹرول کرنا اور وقت پر نصاب پورا کرنا

D. بلند آواز سے سبق پڑھنا اور ہر بار وضاحت کرنا

Haidari Study Point

جواب :- A. طلبہ کے لئے زبان کے بامعنی استعمال کے مواقع پیدا کرنا

34. نصابی کتاب میں ڈرامہ کا لطف بچے تب لیں گے جب :

A. معلم پڑھتا ہے اور بچے سنتے ہیں

B. ڈرامہ عملی طور پر کرتے ہیں

C. معلم سے ڈرامے سے متعلق تفصیلی جانکاری جمع کرتے ہیں

D. خاموشی سے ڈرامہ پڑھتے ہیں

جواب :- B. ڈرامہ عملی طور پر کرتے ہیں

Haidari Study Point

35. رول پلے کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

A. مکالمے لکھنے کی مہارت کی جانچ کرنا

B. پڑھنے کی عادت کو فروغ دینا

C. ترسیلی مہارت کو فروغ دینا

D. اداکاری کے فن کو فروغ دینا

جواب :-C. ترسیلی مہارت کو فروغ دینا

Haidari Study Point

36. اجتماعی پروجیکٹ ورک کس چیز کو فروغ دیتے ہیں؟

A. کامیابی کے حصول کے لئے اعلیٰ سطح کی خواہش پیدا کرنا

B. تعاون، تنقیدی فکر اور مسئلہ کے حل کی مہارت پیدا کرنا

C. تعلیمی سرگرمیوں میں سبقت کے لئے طلبہ کے مابین مقابلہ کرنا

D. چھوٹے بچوں میں اچھی یاد داشت کو فروغ دینا

جواب :- B. تعاون، تنقیدی فکر اور مسئلہ کے حل کی مہارت پیدا کرنا

Haidari Study Point

37. زبان کی تدریس میں معلم 'علم کی تشکیل' میں طلبہ کی کس طرح سے مدد کر سکتا ہے؟

A. طلباء کو مشق کے لئے بہت سارے تفویضات اور پروجیکٹ دے

B. طلباء کی غلطیوں کی فوری اصلاح کرے اور انہیں فوری بازرسی (Feedback) دے

C. طلباء کو توسیعی مشقیں دے جس میں طلبہ زبان کے سوالات کی میکانکی مشق کریں

D. انہیں اس قابل بنائے کہ وہ سابقہ معلومات اور نئی معلومات میں تعلم قائم کر سکیں

Haidari Study Point

جواب :- D. انہیں اس قابل بنائے کہ وہ سابقہ معلومات اور نئی معلومات میں تعلم قائم کر سکیں

38. کمیونکیٹیو لینگویج ٹیچنگ (Communicative Language Teaching ) کی بنیادی خصوصیت ہے؟

A. بات چیت کے لئے آموزش پر زور دینا

B. قواعد پر زیادہ توجہ دینا

C. زبان کی سرگرمیوں کا کلاس کی سرگرمیوں تک محدود ہونا

D. آموزشی عمل میں آموزگار کے ذاتی تجربات کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی

Haidari Study Point

جواب :- A. بات چیت کے لئے آموزش پر زور دینا

39. سمعی لسانی طریقہ کی بنیادی خصوصیت نہیں ہے

A. اس میں ٹیپ ریکارڈ، لسانی تجربہ گاہ اور بصری وسائل کا زیادہ استعمال ہوتا ہے

B. نیا مواد مکالموں کی شکل میں پیش کیا جاتا ہے

C. تلفظ پر سب سے زیادہ زور دیا جاتا ہے

D. مادری زبان کے استعمال پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے

Haidari Study Point

جواب :- D. مادری زبان کے استعمال پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے

40. زبان کی آموزش کا تعمیری اندازِ نظر کس کو فروغ دیتا ہے؟

A. طلبہ مرکوز اندازِ نظر

B. کمرۂ جماعت میں شور شرابہ

C. معلم مرکوز اندازِ نظر

D. خاموشی کی روایت

جواب :- A. طلبہ مرکوز اندازِ نظر

41. 'جو پڑھایا جائے وہ سیکھا بھی جائے' ایسا ضروری نہیں ہے کیونکہ :

A. معلم کی سماجی ۔ معاشی سطح طلبہ سے قدرے مختلف ہوتی ہے

B. معلم اور طلبہ کسی مضمون پر مکمل دسترس حاصل نہیں کر سکتے

C. طلباء کی قابلیت، شخصیت مختلف ہوتی ہے اور وہ مختلف پس منظر سے تعلق رکھتے ہیں

D. طلبہ رسمی گفتگو کے دوران توجہ مرکوز کرتے ہیں

جواب :- C. طلباء کی قابلیت، شخصیت مختلف ہوتی ہے اور وہ مختلف پس منظر سے تعلق رکھتے ہیں

Hyderi Study Point

42. زبان کی کلاس میں 'بیٹھنے کا نظام' لچیلا ہونا چاہیے کیونکہ :

A. یہ طلبہ کو بار بار اپنی جگہ بدلنے میں مدد کرتی ہے

B. یہ جوڑی اور اجتماعی کاموں کو سہل بناتا ہے

C. یہ معلم کی ذمہ داری کو کم کرتا ہے

D. یہ نظم و نسق کو قائم رکھنے میں معلم کی مدد کرتا ہے

جواب :- B. یہ جوڑی اور اجتماعی کاموں کو سہل بناتا ہے

Haidari Study Point

43. مؤثر آموزش ہوتی ہے طلبہ ہوتے ہیں :

A. تعامل پذیر

B. خاموش

C. امتحانات کی تیاری میں بہتر

D. غیر سرگرم

جواب :- A. تعامل پذیر

44. کمرۂ جماعت میں 'کچھ شور ہونا' کیا ظاہر کرتا ہے؟

A. معلم کا جماعت میں کنٹرول نہیں ہے
B. معلم کی ناکامی
C. زبان کی آموزش میں مصروف طلبہ کے ساتھ تعمیری سرگرمیاں
D. طلبہ کے ذریعہ نظم و نسق کی مخالفت

جواب :- C. زبان کی آموزش میں مصروف طلبہ کے ساتھ تعمیری سرگرمیاں

Haidari Study Point

45. طلبہ کی طفل مرکوز جماعت کی خصوصیت ہے :

A. طلبہ تکثیری ذہانت والے کاموں کے ذریعہ ہدف زبان میں تعاملات کرتے ہیں

B. طلبہ پروجیکٹ تیار کرنے کے لئے انفرادی طور پر کام کرتے ہیں

C. معلم ہر دن جانچ کا منصوبہ بناتا ہے

D. معلم ہدایت دیتا ہے اور طلبہ سے امید کرتا ہے کہ وہ ہدایت پر عمل کریں

Haidari Study Point

جواب :- A. طلبہ تکثیری ذہانت والے کاموں کے ذریعہ ہدف زبان میں تعاملات کرتے ہیں

46. قواعد کی تدریس سب سے فطری طور پر کارگر ہوتی ہے جب :

A. استاد وقفے وقفے پر مختلف مدعتی قواعد کی کلاس لیتا ہے

B. طلبہ اپنی تحریر یا بولنے کی غلطیوں کو خود ٹھیک کرتے ہیں

C. استاد صرف ادھر، ادھر کی مہارتیں سکھاتا ہے

D. مشق کے لئے زیادہ وقت دیا جاتا ہے

جواب :- B. طلبہ اپنی تحریر یا بولنے کی غلطیوں کو خود ٹھیک کرتے ہیں

Haidari Study Point

47. درج ذیل میں سے کون زبان کی تدریس کے مقاصد میں شامل نہیں ہے؟

A. کوشش سے خیالات کا اظہار

B. جو کچھ سن رہے ہیں اس کو سمجھنے کی مہارت

C. مربوط تحریر کو فروغ دینا

D. سمجھ کر پڑھنے کی صلاحیت

جواب :- C. مربوط تحریر کو فروغ دینا

48. تدریس کے کس طریقے میں پہلے قواعد کے اصولوں پر توجہ دی جاتی ہے پھر اسی بنیاد پر بہت سی مثالیں دی جاتی ہیں؟

A. استخراجی طریقہ

B. قواعد کے وضاحت کا طریقہ

C. راست طریقہ

D. استقرائی طریقہ

جواب :- A. استخراجی طریقہ (Deductive Method)

Haidari Study Point

49. قواعد کے اصولوں کو یاد کرنا اس طریقہ کار کی بنیاد ہے

A. راست کا طریقہ

B. قواعد کا وضاحتی طریقہ

C. فطری طریقہ

D. ساختیاتی طریقہ

جواب :- B. قواعد کا وضاحتی طریقہ

Haidari Study Point

50. مرتکز سماعت کس کے ساتھ ہوتی ہے ؟

A. توجہ

B. تحمل

C. ضابطہ

D. بہتری

جواب :- A. توجہ

51. پہلی جماعت کی زبان کی نصابی کتاب حروف تہجی، دو حرفی الفاظ، سہ حرفی الفاظ اور پھر کہانیوں اور نظموں سے شروع کرتا ہے ۔اس نصابی کتاب میں کون سا اندازِ نظر اپنایا گیا ہے؟

A. نیچے سے اوپر کا

B. اوپر سے نیچے کا

C. انضباطی

D. درسیاتی خاکے کا

جواب :- A. نیچے سے اوپر کا

Haidari Study Point

سی ٹیٹ کے لئے اردو پیڈاگوجی کا مکمل نوٹس حاصل کرنے کے لئے رابطہ کریں

7275549890

Youtube

HAIDARI STUDY POINT

https://youtube.com/c/HaidariStudyPoint

M M Ali